ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021
99212639

پریس ریلیز

کراچی08اگست2022؁۔

وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن اور وزیر محنت و افرادی قوت سندھ سعید غنی نے پولیس ہیڈ آفس کراچی میں سندھ پولیس کے قائم کردہ مانیٹرنگ سیل کا معائنہ کیا۔اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضٰی وہاب، آئی جی سندھ غلام نبی میمن اور دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

صوبائی وزراء کو آئی جی سندھ نے بریفنگ دی اور کراچی میں نکلنے والے 9 محرم الحرام کے جلوس کی سیکورٹی کے حوالے سے تفصیلات سے آگاہ کیا۔

اس موقع پر صوبائی وزراء شرجیل انعام میمن اور سعید غنی نے مختلف مقامات پر لگائے گئے کلوز سرکٹ کیمروں کے علاوہ پولیس اور دیگر امن و امان کی بحالی کے اداروں کی گاڑیوں پر نصب کیمروں کی مختلف زاویوں سے مانیٹرنگ کا جائزہ لیا۔

سندھ پولیس کی جانب سے کئے گئے سیکورٹی کے فل پروف انتظامات قابل ستائش ہیں اور جس طرح 8 اور آج 9 محرم الحرام کے جلوس پرامن طریقے سے اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں انشاءاللہ کل 10 محرم الحرام کے جلوس کے لئے بھی اسی طرح کی سیکورٹی کے انتظامات کئے جائیں۔ شرجیل میمن، سعید غنی

ہم نے جلوس کے مختلف راستوں کا بھی وزٹ کیا ہے اور وہاں پر سیکورٹی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا ہے۔ صوبائی وزراء
ہماری بھرپور کوشش ہونی چاہیے کہ جلوس ہے شرکاء کو کسی قسم کی کوئی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صوبائی وزراء

پولیس اور امن و امان کی بحالی کے ادارے جلوس کے شرکاء اور عوام کی حفاظت کے لیے تعینات کئے گئے ہیں اس لئے عوام بھی ان سے بھرپور تعاون کریں۔ صوبائی وزراء

بل ازیں صوبائی وزراء شرجیل انعام میمن اور سعید غنی نے نشتر پارک، نمائش چورنگی، ریمبو سینٹر، صدر ایمپریس مارکیٹ، ایم اے جناح روڈ، بولٹن مارکیٹ سمیت جلوس کے راستوں کا دورہ کیا اور وہاں انتظامات کا جائزہ لیا۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-

محرم الحرام میں مختلف ماتمی جلوس ۔

کراچی08اگست2022؛۔

ایڈمنسٹریٹر کراچی مشیر قانون و ترجمان سندھ حکومت بیرسٹر مرتضٰی وہاب کی سینٹرل پولیس آفس کراچی آمد۔

محرم الحرام سیکیورٹی اقدامات کے حوالے سے آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے بریفنگ دی۔

ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضٰی وہاب نے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سی پی او کا دورہ کیا ۔

محرم الحرام کی سیکیورٹی اقدامات کی مانیٹرنگ کا جائزہ لیا۔

نو اور دس محرم کے جلوسوں کے مرکزی روٹس،داخلی اور خارجی راستوں کی مانیٹرنگ اور پولیس ڈپلائمنٹ سے آگاہی حاصل کی۔

اطراف کے سڑکوں اور علائقوں کی سیکورٹی بھی سخت کی گئی ہے۔ آئی جی سندھ کی آگاہی

ایڈمنسٹریٹر کراچی کا محرم الحرام کے جلوس کیلئے کئے گئے فُول پروف سیکورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛